سیارہ ڈائجسٹ۔ (چودہ صدیاں نمبر حصہ اوّل)

مدیر مسئول : عطش درانی

ملنے کا پتا : ۱۲۶ - اے حمید نظامی روڈ۔ لاہور۔

قیمت ۔/۲۵ روپے

"سیارہ ڈائجسٹ" پاکستان کا ایک ممتاز رسالہ ہے۔ اب تک اس کے کئی خاص نمبر شائع ہو چکے ہیں۔ حال ہی میں "چودہ صدیاں نمبر (حصہ اول)" معرضِ اشاعت میں آیا ہے۔ گزشتہ چودہ صدیوں میں جو حالات پیدا ہوئے اور جن واقعات کے سیلاب سے ہم گزرے، اس کی تفصیلات نہایت طویل و عریض ہیں۔ اس سلسلے کے ضروری کوائف کو "سیارہ ڈائجسٹ" کے اصحابِ انتظام و ادارت نے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ اس کا پہلا حصہ اس وقت پیشِ نگاہ ہے، جو پانچ سو سے زائد صفحات میں پھیلا ہوا ہے۔ اس حصے کو اسلامی علوم و معارف، سائنس اور اسلامی ثقافت کے لیے مخصوص کیا گیا ہے اور اربابِ تحقیق کے بہت سے علمی و تحقیقی مضامین اس میں درج ہیں۔ اس نمبر میں عہدِ اسلامی کی بعض ان مشہور کتابوں کا تعارف بھی کرایا گیا ہے کہ جو اپنے اپنے موضوع میں بنیادی اہمیت کی حامل ہیں اور مشرقی و مغربی مصنفین ان سے استفادہ کرتے اور بہ طور حوالے کے ان کے اقتباسات اپنی تصنیفات میں درج کرتے ہیں۔ ان کتابوں میں محمد بن اسحاق ابن ندیم وراق کی "الفہرست"، مسعودی کی "مروج الذہب" اور سید امیر علی کی "روحِ اسلام" شامل ہیں۔

اپنے مشمولات و مندرجات کے اعتبار سے "سیارہ ڈائجسٹ" کے چودہ صدیاں نمبر کا حصۂ اوّل ایک علمی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس ضمن کے دو حصے بعد میں شائع کیے جائیں گے۔ مضامین کے تنوع کے لحاظ سے یہ نمبر علمی اور معلوماتی قالب میں ڈھل گیا ہے۔

سیارہ ڈائجسٹ کے عملۂ ادارت نے اس کی ترتیب میں جو محنت کی ہے وہ قابلِ تحسین ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ باقی دو حصے بھی عمدہ مضامین پر مشتمل ہوں گے۔